البریلویۃ

کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ

امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمہ کے خلاف

احسان علی ظہیر کی افترا پردازیوں کا تحقیقی جائزہ

مولف:

علامہ عبدالحکیم شرف قادری

کہ انہیں اتباعِ سنت سے کس قدر شغف تھا، ان کے ایک ایک فعل کو میزانِ سنت میں تولا جا سکتا تھا، انہیں اکثر طور پر دردِ سر اور بخار کا عارضہ رہتا تھا، اگرچہ یہ غیر اختیاری اور تکلیف دہ امر تھا، لیکن انہوں نے اس میں بھی اتباعِ سُنّت کا پہلو ڈھونڈ نکالا، فرماتے ہیں:

"دردِ سر اور بخار وہ مبارک امراض ہیں جو انبیاء علیہم السلام کو ہوتے تھے، ایک ولی اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دردِ سر ہوا آپ نے اس کے شکر میں تمام رات نوافل میں گزار دی کہ ربّ العزت نے مجھے وہ مرض دیا جو انبیاء علیہم السلام کو ہوتا تھا۔ ہر ایک مرض یا تکلیف جسم کے جس موضع پر ہوتی ہے وہ زیادہ کفارہ اسی موقع کا ہے کہ جس کا تعلق خاص اس سے ہے لیکن بخار وہ مرض ہے کہ تمام جسم میں سرایت کر جاتا ہے، جس سے باذنہٖ تعالیٰ تمام رگ رگ کے گناہ نکل جاتے ہیں۔ الحمد للہ کہ مجھے اکثر حرارت و دردِ سر رہتا ہے۔" [1]

نگاہِ عداوت، اتباعِ سنت کی فضیلت کو کس انداز میں پیش کرتی ہے۔ آپ بھی ملاحظہ فرمائیں:

"وہ (امام احمد رضا) انبیاء سے کم شان پر راضی نہیں ہوتے تھے۔ ایک دفعہ اپنے مریدین کو دردِ سر اور بخار کی شکایت کرتے ہوئے کہا:

یہ بیماریاں مبارک ہیں اور ہمیشہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو ہوا کرتی تھیں، الحمد للہ مجھے بھی لازم ہیں، جیسے انہیں لازم تھیں۔" [2]

دیکھا آپ نے کہاں اتباعِ سُنّت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا اور کہاں انبیاء کی ہمسری کا دعویٰ کرنا! پھر یہ کہ انہوں نے ان عوارض پر شکایت کہاں کی ہے؟ وہ تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر رہے ہیں کہ ارادہ و اختیار کے بغیر سنتِ انبیاء حاصل ہو گئی۔

---

[1] محمد مصطفیٰ رضا خاں، مولانا، ملفوظات (مدینہ پبلشنگ کمپنی، لاہور) ص ۶۴

[2] ظہیر، البریلویہ، ص ۱۷